مطبوعات

پیام امین | تالیف مولانا محمد عبداللہ صاحب منہاس سابق ایڈیٹر اخبار وکیل ۔ ضخامت ۲۰۴ صفحات چھوٹی تقطیع ۔ قیمت درج نہیں ۔ ملنے کا پتہ: منیجر شرکت ادبیہ، شریف گنج، امرت سر۔

یہ کتاب قرآن کی صداقت اور عظمت وجلالت پر ایک بیش قیمت تصنیف ہے ۔ مصنف نے غیر مسلم محققین اور منصف مزاج اہل نظر کے ان بے شمار اقوال کو یکجا کر دیا ہے جو قرآنی صداقت سے متاثر ہو کر ان کی زبان وقلم سے نکلے ہیں ۔ گو قرآن اپنی صداقت میں کسی مغربی یا مشرقی مفکر کی تائید وشہادت کا قطعاً محتاج نہیں، وہ سورج کی طرح آپ ہی اپنی حقانیت کی دلیل ہے، مگر پھر بھی یہ اعترافات جو قرآن کو نہ ماننے والوں کے منہ سے اضطراراً نکلے ہیں، قرآن کی گہری اور بے پایاں سچائی اور بزرگی کا ایک مزید ایقان و اذعان پیدا کرتے ہیں ۔ اس لحاظ سے فاضل مؤلف کی یہ کوشش نہایت ہی قابل قدر اور سعید کوشش ہے جسے نہ صرف مسلم حلقوں میں پہنچنا چاہیئے بلکہ غیر مسلم اور بالخصوص "مسلم نما غیر مسلم" حضرات کے ہاتھوں میں اسے دینا چاہیئے تاکہ انھیں معلوم ہو کہ یہ قرآن، جسکے متعلق انہوں نے مطالعہ کیے بغیر ایک متعصبانہ رائے قائم کر لی ہے، ان سنجیدہ اہل علم سے کس طرح خراج تحسین وصول کرتا ہے جنہوں نے اس کا کسی نہ کسی حد تک مطالعہ کیا ہے ۔

مصنف نے بڑی ہی کاوشوں سے اس مجموعہ کو مرتب کیا ہے ۔ بقول خود انھیں اس کی ترتیب وتدوین میں مختلف زبانوں کی تقریباً تین سو کتابوں کی ورق گردانی کرنی پڑی ہے ۔ شروع میں قرآن کی ترتیب واشاعت پر ایک مختصر تاریخی تبصرہ ہے ۔ اس کے بعد یہ بتایا گیا ہے کہ قرآن کے